# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت:پنجم | مضمون:اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: جھوٹ بولنا بُری عادت ہے | |

**مقاصد:** سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

درست جوابات کے گرد دائرہ لگا سکیں۔

غلط درست فقرات کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، سوال 2 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں، چار کارڈ، پلاسٹک کی تھیلیاں گتے کا پہیا، جس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں، تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات پر مبنی پرچیاں، گتے کا پہیا

**تحریکی سرگرمی:** (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے اس کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔ گزشتہ روز کے کام کا جائزہ لینے کے لیے ایک دلچسپ سرگرمی کریں۔
- بچوں کے سامنے میز پر گتے کا بنا ہوا پہیا اس طرح سے رکھیں کہ بچے اسے آسانی سے دیکھ سکیں۔ پہیا آسانی سے گھوم سکتا ہو اور اس پر چار ڈبے بنے ہوں جن میں ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔
- اب میز پر پہیے کے پاس ایک ٹوکری رکھیں۔ مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات پرچیوں پر لکھ کر ان پر بھی ایک تا چار نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیوں کے ایک طرف سوال اور دوسری طرف نمبر لکھے ہوئے ہوں۔ پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔
- اب کمرا جماعت میں سے کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ پہیا گھمائے۔ پہیا گھومتا ہوا جس نمبر پر رکے گا۔ بچے کو اس نمبر کی پرچی دیں ۔ بچہ اس پر لکھا ہوا سوال پڑھے گا اور اس کا جواب بتائے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی جماعت کے باقی بچوں سے باقی پرچیوں پر بھی کروائیں۔ درست جواب دینے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم پڑھے گئے سبق سے متعلق مختلف سوالات کے جوابات لکھنے کی سرگرمی کریں گے۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔

- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔ انھیں Mystery bags دیں، جن میں چار غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں، ساتھ چار چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ تین دھاگے ڈال کر دیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔ اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔ درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے۔ اس طرح یہ سرگرمی ب دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- اب بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھیں۔ بچوں کی مدد سے ان کے نیچے درست جوابات لکھیں اور ان کی خواندگی کروائیں۔
- بچوں کو پانچ گروہوں میں تقسیم کریں اور انھیں یہ پلاسٹک کی تھیلیاں دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔ اس دوران میں بورڈ پر سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملے اور ان کے ممکنہ جوابات لکھ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کوئی جملہ بولیں۔ جس گروہ کے پاس اس جملے پر مبنی پرچی آئی ہو گی، اس کا لیڈر آ کر بورڈ پر اس جملے کو تلاش کرے گا اور درست جواب کے گرد دائرہ لگائے گا۔ ساتھ ساتھ بچوں سے اس کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی پرچیاں بنائیں۔ پانچ کارڈ لیں۔
- بچوں کے گروپ بنائیں اور ہر گروپ کو ایک ایک کارڈ دے کر جملوں کے غلط اور صحیح ہونے کی نشاندہی کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر تفہیم کے سوال نمبر 2 میں دیے گئے سوالات لکھ دیں۔ باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ان سوالات کے جوابات لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سوال نمبر 3 کتاب پر حل کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: جھوٹ بولنا بُری عادت ہے | |

**مقاصد:** سبق کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھ سکیں۔

سچ بولنے کے فائدے اور جھوٹ کے نقصانات کے بارے میں ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختہ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، گھنٹی، سادہ شیٹیں، بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ ذہنی آزمائش کا کھیل کھیلیں۔ بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔ اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق "جھوٹ بولنا بُری بات ہے" سے متعلق سوالات میں سے کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوباری شروع کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔ اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- پہلے ان بچوں سے کہیں کہ وہ ایک دوسرے کو اپنا کوئی ایسا واقعہ سنائیں جس میں انھیں سچ بولنے سے فائدہ اور جھوٹ بولنے کا نقصان ہوا ہو۔ تمام بچوں کو بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

- اس کے بعد متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ سبق کے مطالعے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔ اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بچوں کو ایک بار دوبارہ سبق کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔ اس کے لیے انھیں دو سے تین منٹ کا وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔ بچوں سے کہیں کہ آپس میں اپنے اپنے صفحے کی معلومات کو دہرا لیں۔ اب انھیں اپنی کتابیں بند کرنے کے لیے کہیں تاکہ اگلی سرگرمی کروانے کے لیے تیار ہو جائیں۔
- اب چاروں گروہوں کو ایک ایک شیٹ دے دیں۔ ان سے کہیں کہ وہ آپس میں مل کر سبق کا خلاصہ ایک دوسرے کو بتائیں اور پھر اسے شیٹ پر تحریر کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق اہم نکات سے مدد لے سکتے ہیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ بچوں کو بتائیں کہ خلاصہ کسی بھی سبق کا ایک تہائی ہوتا ہے۔ جس میں سبق کے تمام اہم نکات کو مربوط پیراگراف کی صورت میں لکھا جاتا ہے۔ مشکل الفاظ اور تراکیب کو آسان انداز میں لکھا جاتا ہے۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو شیٹ سمیت بلائیں اور اس سے کہیں کہ وہ شیٹ پر لکھا ہوا خلاصہ جماعت کے بچوں کو پڑھ کر سنائے۔ اسی طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہوں کے بچوں سے بھی کروائیں۔ جو گروہ الفاظ کا بہترین چُناؤ کرتے ہوئے، جامعیت کے ساتھ خلاصہ سنائے، اسے خصوصی شاباش دی جائے۔
- اب بورڈ پر خلاصہ بچوں کی مدد سے لکھیں۔ بچوں سے اس کی خواندگی کروائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کاپیاں کھولیں اور سبق کا خلاصہ بورڈ سے دیکھ کر لکھیں۔ اس دوران میں کمرا جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو، ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) جماعت کے مختلف بچوں کے ناموں کی پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے نام پڑھیں اور کچھ بچوں سے سبق کے اہم نکات اور کچھ بچوں سے خلاصہ سنیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں پڑھایا گیا کام گھر سے کر کے آئے۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: جھوٹ بولنا بُری عادت ہے | |

**مقاصد:** اکاون سے سو تک گنتی اردو ہندسوں اور لفظوں میں لکھ سکیں۔

مترادف اور متضاد کے فرق کو سمجھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختۂ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، گتّے کی مدد سے بنا ہوا پہیا، جس پر دس مختلف رنگوں کے ڈبے بنے ہوں اور ان ڈبوں کے اندر ۱ تا ۱۰ کوئی سے بھی دس اردو ہندسے لکھے ہوں، چارٹ کی بنی ہوئی لیڈی برڈ، ۱ تا ۳۰ ہندسی گنتی کی پرچیاں، ٹوکری

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں کے ساتھ "پہیا گھُماؤ، جواب بتاؤ" کا کھیل کھیلیں۔ کسی گتّے کی مدد سے یہ پہیا تیار کریں اور اس پر دس مختلف رنگوں کے ڈبے بنا دیں۔
- ان ڈبوں کے اندر ۱ تا ۱۰ میں سے کوئی سے بھی دس اردو ہندسے لکھ دیں۔ خیال رکھیں کہ ایک ڈبے میں صرف ایک ہندسہ لکھا ہوا ہو۔ جماعت میں سے مختلف بچوں کو بُلائیں اور ان سے پہیا گھُمانے کو کہیں۔ پہیہ گھومتے ہوئے جس نمبر پر رُکے، بچے سے بورڈ پر وہ ہندسہ اردو گنتی میں لکھنے کے لیے کہیں۔ جیسے:
- ۱۰ تو وہ لکھے گا: دس۔ اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے کروائیں۔ درست سرگرمی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (28 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ ہم گنتی کا استعمال چیزوں کی تعداد گننے کے لیے کرتے ہیں کہ کون سی چیز کس تعداد میں ہے۔ بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ایک سے تیس تک ہندسی اور لفظی گنتی لکھنا اور پڑھنا سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر تین کالم بنا کر ایک میں ہندسے، دوسرے میں اردو ہندسے اور تیسرے میں لفظی گنتی کی سرخی لکھ دیں۔ اب ہندسوں والے کالم میں ہندسہ "51" لکھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ اس ہندسے کو اردو ہندسے اور لفظوں میں کیسے لکھیں گے۔ بچوں کے جوابات لیں۔ اب اس کے سامنے اردو ہندسوں میں "۵۱" اور لفظی گنتی والے خانے میں لفظ "اکاون" لکھیں۔ بچوں سے ان کی بلند خوانی کروائیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی "اکاون سے سو" تک باقی گنتی پر کروائیں۔

| لفظی گنتی | اردو ہندسے | ہندسے |
|---|---|---|
| اکاون | ۵۱ | 51 |
| باون | ۵۲ | 52 |
| ترپن | ۵۳ | 53 |
| چون | ۵۴ | 54 |
| پچپن | ۵۵ | 55 |

- ایک ٹوکری میں " اکاون سے سو" تک ہندسی گنتی کی پرچیاں ڈال دیں۔ جماعت میں سے باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ٹوکری میں سے پرچیاں اٹھانے اور اپنی سیٹوں پر واپس جانے کے لیے کہیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھول کر ان پر لکھے ہوئے ہندسے پڑھیں اور ان کی لفظی گنتی سوچیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک بچے کو بلائیں۔ اس کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیں اور اس کا ہاتھ پکڑ کر جماعت کے درمیان میں کسی جگہ کھڑا کر دیں۔ اسے کہیں کہ اس کے پاس جو ہندسہ آیا ہے۔ وہ جماعت کے بچوں کو بتائے اور پھر آہستہ آہستہ چلتا ہوا جائے اور جماعت کے کسی بھی بچے کو چھوئے۔ وہ جس بچے کو چھوئے گا، وہ بچہ جلدی سے اٹھ کر جائے گا اور بورڈ پر وہ ہندسہ عددی اور لفظی گنتی میں لکھے گا۔ اس طرح یہ سرگرمی باقی بچوں سے بھی کروائیں۔ جن بچوں نے درست طور پر یہ سرگرمی کی ہوگی، تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم متضاد الفاظ کو شناخت کرنے کی سرگرمی کریں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنا کر ایک میں کالم الف، دوسرے میں کالم ب کی سرخی لکھ دیں۔ الف والے کالم میں "نقلی، شور، اندرونی، گیلا" لکھ دیں اور دوسرے میں الفاظ "خاموشی، خشک، اصلی، بیرونی" لکھ دیں۔ بچوں سے الفاظ پڑھوائیں۔ اب بچوں سے پوچھیں کہ نقلی کا متضاد کیا ہوگا؟ جو بچہ پہلے ہاتھ کھڑا کرے اسے بتانے کا موقع دیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی الفاظ پر کرواتے ہوئے متضاد الفاظ کی شناخت کروائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) ایک ٹوکری میں 51 سے 100 گنتی کی پرچیاں ڈال دیں۔ جماعت میں سے باری باری مختلف بچوں کو بلا کر ان سے ٹوکری میں سے پرچیاں اٹھانے کے لیے کہیں۔ جن ہندسوں کی پرچیاں ان کے پاس آئیں گی، ان بچوں سے ان ہندسوں کی لفظی گنتی لکھوائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: جھوٹ بولنا بُری عادت ہے | |

**مقاصد:** فعل، فاعل اور مفعول کے بارے میں جان سکیں۔

تصاویر کو دیکھ کر کہانی بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو پنجم"، **فلیش کارڈز**، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- کمرا جماعت میں داخل ہو کر بچوں کو سلام کریں اور ان سے جواب لیں۔
- بچوں سے **فعل**، فاعل اور مفعول کی تعریف پوچھیں۔
- بورڈ پر لکھیں:

☆ وہ الفاظ جو کسی کام کا کرنا یا ہونا ظاہر کریں، **فعل** کہلاتے ہیں۔

☆ وہ الفاظ جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کریں، **فاعل** کہلاتے ہیں۔

☆ وہ الفاظ جن پر کام کیا جا رہا ہو، مفعول کہلاتے ہیں۔

- سوال نمبر 10 میں دیئے جانے والے بے ترتیب جملوں کو بورڈ پر لکھیں۔
- بچوں سے ان جملوں میں **فعل**، فاعل اور مفعول کی شناخت کروائیں۔ اور ان کی ترتیب درست کر کے جملے دوبارہ لکھوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)

- بچوں سے پوچھیں کہ کیا انھیں کہانیاں پڑھنا پسند ہے؟ ان سے پوچھیں کہ وہ کس طرح کی کہانیاں شوق سے پڑھتے ہیں؟ ان کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنائیں اور ہر گروہ کا ایک لیڈر بھی مقرر کریں۔
- پھر انھیں کتاب کا صفحہ نمبر 76 پر دی ہوئی تصاویر کے **فلیش کارڈز** اور سادہ شیٹیں دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان تصاویر کو درست ترتیب دے کر ان کی مدد سے کہانی بنائیں اور اسے شیٹ پر لکھیں نیز اس کا اچھا سا عنوان اور اخلاقی سبق بھی لکھیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔

| |
|---|
| • مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں کے لیڈرز کو بلا کر ان سے ان کی بنائی ہوئی کہانی کمرا جماعت میں دوسرے بچوں کو سنانے کے لیے کہیں۔ نیز ان کہانیوں کا عنوان اور نیتجہ بھی پوچھیں۔<br>• جس گروہ نے یہ سرگرمی درست طور پر کی ہوگی، انھیں بہترین لکھاری کے اعزازی کارڈز دیئے جائیں گے۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) کہانی کی تصاویر بے ترتیب بورڈ پر چسپاں کریں۔ بچوں سے ان کی ترتیب درست کروائیں۔ مکمل کہانی سنیں اور اصلاح کریں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی دہرائی کریں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: جھوٹ بولنا بُری عادت ہے | |
| **مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔ | | |
| **تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت پنجم کی کتاب | | |
| **تحریکی سرگرمی:** (10 منٹ)<br>• کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔<br>• بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔<br>• بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔ | | |
| **تدریسی طریقہ کار:** (20 منٹ)<br>• بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 77 کھلوائیں۔<br>• سرگرمی کے سوال نمبر 1 میں دی گئی عبارت کی پڑھوائی کروائیں۔<br>• اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان سے سوال نمبر 2 میں "ہمارا وطن ہماری شان ہے" کے موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کرنے کے لیے کہیں۔<br>• سوال نمبر 3 میں "صحت مند ماحول، صحت مند زندگی" کے دوسرے پیراگراف کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔<br>• سوال نمبر 4 میں دیے گئے الفاظ کے متضاد کاپی پر لکھوائیں۔<br>• سوال نمبر 5 میں دی گئی خالی جگہوں میں "نے"، اور "کو" لگوائیں۔<br>• سوال نمبر 6 میں دی گئی مقامی کونسلر کے نام محلہ کی صفائی کے لیے درخواست لکھیں۔<br>• تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے لیے تالیاں بجوائیں۔ | | |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔ | | |
| **جائزہ:** (0 منٹ) N/A | | |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔ | | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: پنجم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: ماں کا خواب (نظم) | |

**مقاصد:** نظم کو درست تلفظ، لَے اور آہنگ سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو پنجم"، نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ، ٹوکری

## تحریکی سرگرمی: (10منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے مختلف سوال پوچھیں۔ جیسے:
  - ☆ آپ کیسے خواب دیکھتے ہیں؟
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (20منٹ)

- ▪ بچوں کو مزید بتائیں کہ آج ہم ایک خوب صورت سی نظم ہم پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ بچوں کے سامنے میز پر ایک ٹوکری میں نظم میں موجود مشکل الفاظ کے کارڈ الٹا کر رکھ دیں، جن کی پشت پر ایک تا چھے نمبر لکھے ہوں۔
- ٹوکری کے پاس پاسا (لڈو کا دانہ) رکھ دیں۔ کچھ بچوں کو باری باری بلائیں اور انھیں لڈو کا دانہ زمین پر لُڑھکانے کو کہیں۔ جو نمبر آئے، اس نمبر والا کارڈ ٹوکری میں سے نکالیں اور بچے سے متعلقہ لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کو کہیں۔ درست پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کروائیں ۔اس طرح یہ سرگرمی مختلف بچوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ اس کے بعد ان الفاظ کے کارڈ کو لفظی دیوار پر چسپاں کر دیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 78 کھلوائیں۔ بچوں سے اس پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔
- اب نظم کی بلند خوانی پہلے خود کریں۔
- ہر مصرع درست تلفظ اور ترنّم سے پڑھیں نیز پڑھتے ہوئے تاثرات کا خصوصی خیال رکھیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ تختہ تحریر پر لکھ کر ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ہر شعر کی پڑھائی کے ساتھ ساتھ بچوں کو اس کا مطلب بھی آسان الفاظ میں بتاتے جائیں۔
- بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور انھیں نظم کے اشعار تفویض کر دیں۔

| |
|---|
| • اب ہر گروہ کا ایک ایک بچہ باری باری انھیں تفویض کردہ شعر پڑھے گا اور دوسرے گروہوں کے بچے دھیان سے سنیں گے۔ جہاں اس بچے کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہوگی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔ اس کے علاوہ خیال رکھیں کہ بچے نظم کو نظم کے انداز میں پڑھیں نہ کہ نثر کے انداز میں۔ پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ تختہ تحریر پر لکھتے جائیں اور جب بچہ شعر مکمل کر لے تو اس کی اصلاح کریں۔ دورانِ پڑھائی میں کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنادیں۔ دونوں گروہوں کو نظم میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہو الفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ نظم کے جس مصرعے میں آیا ہو اس مصرعے کی بھی بلند خوانی کرے۔ درست معانی بتانے اور مصرع پڑھنے کی صورت میں اس گروہ کو دو نمبر ملیں گے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ) نظم کی پڑھائی کر کے آئیں۔ |